# 27-02-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاستی وزیر سیول سپلائز و آبپاشی این اتم کمار ریڈی نے سوریہ پیٹ ضلع کے کونے تک آبپاشی کو یقینی بنانے کے حکومت کے عہد کا اعادہ کیا۔

۲۔ تلنگانہ کی ثقافتی پہچان کو فروغ دینے کیلئے گورنر جشنو دیو ورما نے 'جی آئی آن ویلز' پروگرام کا افتتاح کیا۔

۳۔ راوس ایونیو کورٹ نے دہلی شراب گھوٹالہ کیس کو کیا خارج۔ کویتا نے الزامات سیاسی محرکات پر مبنی قرار دیا۔

۴۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے پوسٹ بجٹ ویبنار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان اصلاحات کی راہ پر گامزن ہے۔

EXICE CASE:

راوس اوینو کورٹ نے دہلی ایکسائز پالیسی کیس میں سابق وزیر اعلیٰ اروند کجریوال، منیش سسوڈیا اور ایم ایل سی کویتا سمیت 20 دیگر افراد کو جن میں آڈیٹر بوچی بابو بھی شامل ہیں، الزامات سے بری کرتے ہوئے بڑی راحت فراہم کی ہے۔ عدالت نے سی بی آئی کی تفتیش کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ایجنسی ٹھوس شواہد پیش کرنے میں ناکام رہی اور مبینہ سازش کے الزامات محض قیاس آرائیوں پر مبنی تھے۔ عدالت نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تحقیقاتی افسران کے طرزِ عمل کی خود جانچ ہونی چاہیئے۔ عدالت نے اس بات کی بھی وضاحت طلب کی کہ سی بی آئی نے پہلے کن قانونی ماہرین کی رائے کی بنیاد پر اپنے موقف کو درست قرار دیا تھا۔ اس فیصلے کے بعد تمام ملزمان الزامات سے بری ہو گئے ہیں، تاہم اطلاعات کے مطابق سی بی آئی اس فیصلے کو دہلی ہائی کورٹ میں چیلنج کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔

KEJRIWAL

عدالتی فیصلہ پر ردِعمل دیتے ہوئے اروند کجریوال نے میڈیا سے بات میں کہا کہ سچ کی بالآخر فتح ہوئی ہے اور انہیں ہندوستانی عدلیہ پر مکمل اعتماد ہے۔ انہوں نے اس مقدمہ کو ایک بڑی سیاسی سازش قرار دیا جس کا مقصد ان کی جماعت کو نشانہ بنانا اور خود ان سمیت پانچ اہم قائدین کو جب وہ برسر اقتدار وزیر اعلیٰ تھے، جیل بھیجنا تھا۔ جذباتی انداز میں انہوں نے کہا کہ وہ بدعنوان نہیں ہیں اور عدالت کے فیصلے نے ان کی بے گناہی ثابت کر دی ہے۔ اس موقع پر منیش سسودیا نے اروند کجریوال کو دلاسا دیا۔

KAVITHA

فیصلہ کے بعد اپنی پہلی میڈیا گفتگو میں کے کویتا نے گہرے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ قانونی کامیابی اس بات کا ثبوت ہے کہ الزامات سیاسی محرکات پر مبنی تھے۔ انہوں نے ساڑھے پانچ ماہ کی قید کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ خاندان سے دوری انتہائی تکلیف دہ تھی اور یہ بھی بتایا کہ بی آر ایس سربراہ کے چندر شیکھر راؤ پہلے ہی اس کیس کو سیاسی سازش قرار دے چکے تھے۔ بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے بھی فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ مبینہ شراب اسکینڈل دراصل کجریوال حکومت کو گرانے اور حالیہ اسمبلی و پارلیمانی انتخابات میں بی آر ایس کو سیاسی نقصان پہنچانے کی ایک منظّم کوشش تھی۔ انہوں نے کہا کہ تمام تر سیاسی دباؤ کے باوجود بالآخر سچ اور انصاف کی جیت ہوئی ہے۔

INTERMEDIATE

تلنگانہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن نے آج 27 فروری کو انٹرمیڈیٹ فرسٹ ایئر کے طلبہ کے لیے کا انگلش پیپر-اوّل کامیابی سے منعقد کرایا۔ رجسٹرڈ 4,99,103 امیدواروں میں سے 4,86,673 طلبہ امتحان میں شریک ہوئے، جس سے 97.50 فیصد حاضری کی شرح ریکارڈ کی گئی۔ امتحان سیٹ سی سوالیہ پرچوں کے ساتھ پرامن انداز میں مکمل ہوا، تاہم سوریاپیٹ اور کھمم میں نقل نویسی کے تین واقعات رپورٹ ہوئے۔ امتحانات کی شفافیت اور ضابطوں پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے بورڈ نے حیدرآباد، نظام آباد اور نلگنڈہ سمیت مختلف اضلاع میں مبصرین تعینات کیے تھے۔ اگرچہ 12,430 امیدوار غیر حاضر رہے، مجموعی طور پر امتحانی عمل منظّم اور پرامن رہا۔

EATALA

رکن پارلیمنٹ ایٹلا راجندراور رکن اسمبلی بی لکشما ریڈی نے مالا پور میں منڈل پریشد پرائمری اسکول کی عمارت کے سنگِ بنیاد کی تقریب میں شرکت کی۔ یہ اسکول 1.8 کروڑ روپے کے سی ایس آر فنڈس سے تعمیر کیا جا رہا ہے، جو TechnipFMC کی جانب سے فراہم کیے گئے ہیں۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایٹالہ راجندر نے بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے لیےسی ایس آر اخراجات کو لازمی قرار دینے پر مرکزی حکومت کی پالیسیوں کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ معیاری تعلیم دن بہ دن مہنگی اور عام آدمی کی پہنچ سے دور ہوتی جا رہی ہے۔اگرچہ نجی اداروں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے، تاہم سرکاری اسکولوں میں قابل اساتذہ موجود ہیں اور یہ ضرورت مند طبقات کے لیے امید کی کرن ہیں۔انہوں نے اپنی سیاسی جدوجہد کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ سادہ پس منظر سے تعلق رکھنے والے عوامی نمائندے عوامی مسائل کو بہتر طور پر سمجھتے ہیں۔انہوں نے وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ بھارت نے عالمی سطح پر اپنی پہچان مضبوط کی ہے اور خودانحصاری کی جانب نمایاں پیش رفت کی ہے۔سماجی بہبود کے ہاسٹلز میں اپنے تجربات کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مشکلات کا سامنا کرنے والے رہنما ہی عوام کی بہتر خدمت کر سکتے ہیں۔

ELECTIONS

چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار نے کہا ہے کہ تمل ناڈو میں ہونے والے اسمبلی انتخابات ووٹنگ کے تناسب کے لحاظ سے بہار سے بھی بہتر ریکارڈ قائم کریں گے۔آج چنئی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تمل ناڈو ہر انتخاب میں ووٹنگ کی شرح کے اعتبار سے مثال قائم کرتا رہا ہے۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ آن لائن نامزدگی کی سہولت الیکشن کمیشن کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے، تاہم قانون کے مطابق کاغذاتِ نامزدگی جمع کرانے کا عمل شخصی طور پر مکمل کرنا ضروری ہے۔

VAISHNAW

الیکٹرانکس اور آئی ٹی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے نفاذ میں اعتماد کا عنصر انتہائی اہم ہے۔ آج نئی دہلی میں ایک میڈیا گروپ کے زیر اہتمام رائزنگ بھارت سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اے آئی کی منتقلی کو سنجیدگی سے لینے کی ضرورت ہے اور ہر قدم پیشگی طور پر اٹھایا جانا چاہیے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت باصلاحیت افرادی قوت کی تیاری پر بھرپور توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریاستی حکومتوں کو بھی اس سلسلے میں بھرپور کوششیں کرنا ہوں گی۔ اشونی ویشنو نے بتایا کہ حکومت نے تقریباً چار سال قبل آئی ٹی صنعت کے اشتراک سے فیوچر اسکل پروگرام شروع کیا تھا۔

SEETHAKKA

وزیر سیتا اکا نے مدھورنگر ویمن اینڈ چائلڈ ویلفیئر دفتر میں ضلع ویلفیئر افسران کے ساتھ ایک جامع جائزہ اجلاس منعقد کیا تاکہ محکمہ جاتی اقدامات کو موثر بنایا جاسکے۔ انہوں نے آنگن واڑی عمارتوں کی تعمیر میں تیزی لانے کی ہدایت دی اور کہا کہ غذائیت سے بھرپور خوراک، معیاری پری اسکول تعلیم اور مثبت ماحول کی فراہمی لازمی ہے۔ کسی بھی قسم کی غفلت پر سخت انتباہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 'اماں ماٹا۔آنگن واڑی باٹا' پروگرام سے بچوں کی حاضری میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ وزیر نے کامیاب تجرباتی منصوبوں کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ ملگ میں روزانہ وجیا دودھ کی فراہمی اور تین اضلاع میں نوعمر لڑکیوں میں خون کی کمی کے تدارک کے لیے باجرے کی چکیوں کی تقسیم موثر ثابت ہوئی ہے۔ زیادہ مانگ کے پیش نظر انہوں نے ان منصوبوں کو ریاست بھر میں وسعت دینے کے لیے جامع رپورٹ طلب کی۔ انہوں نے تلنگانہ کو غذائی قلت سے پاک ریاست بنانے، بچیوں کے تحفظ کو ترجیح دینے اور کم عمری کی شادیوں کے خاتمے کے لیے خصوصی مہم چلانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

GI ON WHEELS

ایک منفرد قومی اقدام کے تحت تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما نے حیدرآباد کے ایم جی بی ایس میں 'جی آئی آن ویلز' پروگرام کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر وزیر پونم پربھاکر اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ گورنر نے کہا کہ اس منصوبے کا مقصد عوامی بیداری کو فروغ دینا اور جغرافیائی شناخت (جی آئی) سے منسلک فنون کو فروغ دے کر ریاست کی ثقافتی شناخت کو مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار ترقی کے لیے ثقافتی شعور ضروری ہے اور یہ اقدام نوجوانوں کو روایتی دستکاری کی طرف راغب کرے گا۔ وزیر پونم پربھاکر نے گورنر کے وژن کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت دیہی دستکاروں کی بہتر مارکیٹنگ کے ذریعے معاشی حالت بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ اس ورثے کو اجاگر کرنے کے لیے ریاستی بسوں پر تلنگانہ کے چھ نمایاں ہنر، جن میں پوچم پلی اکاٹ، کریم نگر سلور فلیگری اور نرمل پینٹنگز شامل ہیں، کو خوبصورتی سے پیش کیا گیا ہے۔ عوامی ٹرانسپورٹ کو موبائل گیلری کے طور پر استعمال کرتے ہوئے یہ اقدام ریاست بھر میں ان روایتی فنون کو نمایاں کرے گا اور تلنگانہ کے ثقافتی ورثے کا جشن منائے گا۔

PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک اس وقت اصلاحات کی راہ پر گامزن ہے، جہاں حکومت عمل کو آسان، کاروبار میں سہولت اور ٹیکنالوجی پر مبنی طرز حکمرانی کو وسعت دے رہی ہے۔ آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے 'ٹیکنالوجی، اصلاحات اور مالیات برائے وکست بھارت' کے موضوع پر پوسٹ بجٹ ویبینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اصلاحات کا جائزہ اعلانات سے نہیں بلکہ زمینی اثرات سے لیا جانا چاہیے۔ انہوں نے شفافیت، رفتار اور جوابدہی بڑھانے کے لیے اے آئی، بلاک چین اور ڈیٹا اینالیٹکس کے وسیع استعمال پر زور دیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ گزشتہ دہائی میں حکومت نے بنیادی ڈھانچے پر خصوصی توجہ دی ہے کیونکہ بھارت کی ترقی مضبوط اثاثہ جات جیسے شاہراہیں، ریلوے، بندرگاہیں، ڈیجیٹل نیٹ ورک اور پاور سسٹمز کی تیاری سے ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی بجٹ کو مختصر مدتی دستاویز کے طور پر نہیں بلکہ پالیسی روڈ میپ کے طور پر دیکھا جانا چاہیے اور اس کی افادیت کو ٹھوس اور بنیادی معیارات پر پرکھا جانا چاہیے۔

Medak

ریاستی ایس سی ایس ٹی کمیشن کے چیرمین بی وینکٹیا نے حکام کو ہدایت دی کہ کمزور طبقات پر حملوں کو روکا جائے اورانہوں نے مظالم کے کیسس سے نمٹنے میں لاپرواہی پر سخت انتباہ جاری کیا۔ایک جائزہ اجلاس کے دوران انہوں نے نرساپور قبائلی حملہ کیس میں تحقیقاتی آفیسر کوتبدیل کرنے کا حکم دیااور آرڈی یوکو ہدایت دی کہ وہ 26 مارچ تک امبیڈکر بھون کی تعمیر کا کام شروع کرے۔انہوں نے ممتاباد ٹرائبل آشرم اسکول کے تعلق سے تفصیلی رپورٹ طلب کی اورزمینی تنازعات کوحل کرنے کے لئے 45 دنوں کی میعاد مقرر کی۔وینکٹیا نے متاثرین کومعاوضہ کی فراہمی میں تاخیراورجھوٹے مقدمات داخل کرنے کےخلاف سخت انتباہ جاری کیا۔

Uttam

ریاستی وزیر سیول سپلائزو آبپاشی این اتم کمار ریڈی نے سوریہ پیٹ ضلع کےکونے تک آبپاشی کویقینی بنانے کے حکومت کے عہد کا اعادہ کیا۔ پاتھاویلاٹورو میں مہاتما گاندھی مکتیالا برانچ کینال لفٹ اریگیشن پراجکٹ جوکہ 1642 کروڑروپے کی لاگت سےتعمیرکیا جارہاہے کا جائزہ لیتے ہوئے ریاستی وزیر نے کہا کہ اس پہل کا مقصد 23 مواضعات کو پینے کا پانی سربراہ کرنے اورتین منڈلوں کی 45 ہزارا یکراراضی کو سیراب کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ پہلے ہی 198 ایکر اراضی حاصل کرلی گئی ہے اوراس کے لئے کسانوں کو 53 کروڑروپے ادا کئے گئے ہیں۔ریاستی وزیر نے ستمبر تک پروجکٹ مکمل کرنے کی حکام کو ہدایت دی تا کہ آئندہ زرعی سیزن کے دوران پانی کی سربراہی کویقینی بنایا جاسکے۔

Train

آئی آرسی ٹی سی کے اسسٹنٹ منیجر پی وی وینکٹیش نے اعلان کیا کہ تلگوریاستوں میں سیاحوں اور یاتریوں کی سہولت کیلئے 21 مارچ سے 12 جون کے درمیان حیدرآباد سے 6 خصوصی بھارت گورو ٹورسٹ ٹرین پیکیجز شروع ہورہے ہیں۔نلگنڈہ میں ایک پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے ان پیکیجز کی تفصیلات بتائی۔خواہشمند مسافرین مزید تفصیلات آئی آرسی ٹی سی ٹورزیم ویب سائٹ سے یا بکنگ کیلئے دی گئی ہلپ لائن سے حاصل کرسکتے ہیں۔ Sound Byte

OO